SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر LII مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.LII OF 1984

## سندھ منشیات کے استعمال پر پابندی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

## THE SINDH CONSUMPTION OF INTOXICANTS RESTRICTION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۴۰ کے سندھ ایکٹ IV کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of SECTION 2 OF SINDH Act IV of 1940

۳۔ ۱۹۴۰ کے سندھ ایکٹ IV کی دفعہ ۳، ۴ اور ۵ کی ترمیم

Amendment of SECTIONS 3, 4 AND 5 OF SINDH Act IV of 1940

# سندھ آرڈیننس نمبر LII مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.LII OF 1984

## سندھ منشیات کے استعمال پر پابندی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

## THE SINDH CONSUMPTION OF INTOXICANTS RESTRICTION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۰ دسمبر ۱۹۸۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ منشیات کے استعمال پر پابندی ایکٹ، ۱۹۴۰ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ شرعی عدالت سندھ منشیات کے استعمال پر پابندی ایکٹ، ۱۹۴۰ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کے ہے؛

اور جیسا کہ سندھ منشیات کے استعمال پر پابندی ایکٹ، ۱۹۴۰ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ منشیات کے استعمال پر پابندی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۴۰ کے سندھ ایکٹ IV کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of SECTION 2 OF

۲۔ سندھ منشیات استعمال کرنے پر پابندے ایکٹ، ۱۹۴۰ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (E)

SINDH Act IV of 1940

۱۹۴۰ کے سندھ ایکٹ IV کی دفعہ ۳، ۴ اور ۵ کی ترمیم

میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شق کا اضافہ کیا جائے گا:

"(F) "لینا یا استعمال کرنا" جس میں شامل ہے کوئی نشیدار چیز یا انجیکشن کے ذریعے لینا۔".

Amendment of SECTIONS 3, 4 AND 5 OF SINDH Act IV of 1940

۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۳، ۴ اور دفعہ ۵ میں، الفاظ "قید کے ساتھ جو سات سال تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانے کے ساتھ جو ایک لاکھ روپے تک بڑھ سکتا ہے یا دونوں ساتھ، جہاں دوبارہ آتے ہیں، وہاں الفاظ "قید کے ساتھ جو چھہ ماہ سے کم نہ ہو پر سات سالوں سے زائد بھی نہ ہو اور جرمانہ جو ایک لاکھ روپے تک بڑھ سکتا ہے" سے تبدیل کیا جائے گا۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**